CONFIDENTIAL

Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

بصری خرابی
کمیٹی کے فیصلے کی بنیادی وجوہات

طالب علم کا نام______________________ آئی ڈی نمبر____________ ملاقات کی تاریخ__________________

تعریف: بصری خرابی سے مراد نظر کی کمزوری ہے، جو ٹھیک کیئے جانے کے با وجود، طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی طریقے سے اثرانداز ہوتی ہے۔ اس اصطلاح میں جزوی نظر اور نا بینا پن دونوں شامل ہیں۔

متعدد ذرائع سے لی گئی معلومات پر غور کریں، تعریف پر نظر ثانی کریں، درج ذیل معیار پر غور کریں اور کوئی بھی اضافی معلومات درج کریں۔ یاد رکھیں کہ طبی ماہر کی طرف سے بنائی گئی رپورٹ میں شامل تشخیص اہلیت کا تعین کرنے کے لیئے کافی نہیں ہے۔

معیار بصری خرابی کا شکار ایسا طالب علم جسے خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے، درج ذیل **تمام** معیارات پر پورا اترے گا۔ ہر معیار کے لیئے جی ہاں یا جی نہیں میں جواب دیں اور ضرورت ہو تو اضافی معلومات فراہم کریں۔

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐

A. بصری خرابی کا دستاویزی ثبوت موجود ہے اور طالب علم نابینے پن یا بصری خرابی کی خصوصیات ظاہر کرتا ہے۔ (تمام متعلقہ خانوں پر نشان لگائیے۔)

☐ نا بینا طالب علم کو جس آنکھ سے بہتر نظر آتا ہے اس کی دور یا نزدیک کی نظر 20/200 یا اس سے کم ہوتی ہے؛ یا جس آنکھ سے بہتر نظر آتا ہے اس کی visual field (وہ علاقہ جس میں سے ساکن آنکھ سے اشیاء کو دیکھا جا سکتا ہے) باقی کی visual field سے 20 ڈگری تک محدود یا کم ہوتی ہے۔

☐ بصری خرابی کے حامل طالب علم کی دور یا نزدیک کی نظر 20/200 سے بہتر مگر 20/70 سے خراب ہوتی ہے؛ یا جس آنکھ سے بہتر نظر آتا ہے اس کی visual field باقی کی visual field سے 70 ڈگری یا اس سے کم ہوتی ہے مگر 20 ڈگری سے بہتر ہوتی ہے۔

☐ کسی بھی طبی حالت کی وجہ سے، مستقبل میں، طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر برے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں یا نظر کا ایسا نقصان جس میں صرف field یا نظر کی خرابی مذکورہ بالا معیارات پر پورا نہیں اتر سکتے، جیسے کہ: oculomotor apraxia (محرک چشم میں خلل)، cortical vision impairment (کسی دماغی چوٹ یا خرابی کے باعث ہونے والا نا بینا پن) یا بتدریج نظر کا گرنا جس سے مستقبل میں، طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر برے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

خرابی کی وضاحت کریں:

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐

B. بصری خرابی طالب علم کی تعلیمی کارکردگی پر منفی اثرات ڈالتی ہے۔ منفی اثرات اور درکار مدد کی وضاحت کریں، مثال کے طور پر بڑا پرنٹ، Braille (ابھرے ہوئے حروف)، ریکارڈ کی ہوئی ٹیکسٹ بک، اردگرد کے ماحول سے واقفیت اور نقل و حرکت کی ٹریننگ، سماجی تعلقات استوار کرنے کی ٹریننگ، وغیرہ۔

جی ہاں ☐ جی نہیں ☐

C. نشاندہی کردہ بصری خرابی کے نتیجے میں طالب علم کو خصوصی طور پر تشکیل دی گئی ہدایات درکار ہیں۔

وضاحت کریں:

☐ دستیاب تمام تحریری اور زبانی معلومات کا جائزہ لینے کے بعد کمیٹی یہ نتیجہ اخذ کرتی ہے کہ بصری خرابی کے مقررہ معیار پورے کیئے گئے۔

☐ دستیاب تمام تحریری اور زبانی معلومات کا جائزہ لینے کے بعد کمیٹی یہ نتیجہ اخذ کرتی ہے کہ بصری خرابی کے مقررہ معیار پورے نہیں کیئے گئے۔

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے طلباء کے تعلیمی ریکارڈ سے معلومات اس شرط پر جاری کی جاتی ہیں کہ انہیں وصول کرنے والا فرد اس بات پر رضا مند ہے کہ وہ والدین یا اہل طالب علم کی تحریری رضا مندی کے بغیر، یہ معلومات کسی دوسرے فریق کی دسترس میں جانے کی اجازت نہیں دے گا۔